ilmkidunya
علم کی دنیا

# Psychology - FA Part 1 Psychology Urdu Medium Full Book Short Questions Test

Q1. ادراکی استقامت کی تعریف کریں.

**Ans 1:** اشیا کی جسامت کے بارے میں دماغ کا ادراک اپنی جگہ پر قائم رہتا ہے.اس اصول کا نام ادراک استقامت ہے.

---

Q2. بازیافت کے طریقوں کی تعریف کریں.

**Ans 1:** بازیافت کے طریقے سے خازنیت کی پیمائش کی جاتی ہے آپ کسی فرد کو کچھ مواد یاد کرنے کے لیے دیتے ہیں.جب وہ اسے یاد کر لیتا ہے تو کچھ عرصے کے بعد اسے محفوظ شدہ مواد کو دوباری ذہن میں واپس لانے کے لیے کہتے ہیں.

---

Q3. جرائم کی نفیسات کی نوعیت .

**Ans 1:** جرائم کی نفیسات کا تعلق مجرموں ، ان کی بحالی کے اداروں ،جیلوں کے ماحول اور دیگر متعلقہ عوامل سے ہے.یہ جرائم کے اسباب کی تحقیق کرتی ہے اور جرائم پیدا کرنے والے اسباب کا خاتمہ کر کے مجرموں کو اچھا شہری بنانے میں مدد دیتی ہے.

---

Q4. عموعمی عنصر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** چارلس سپیئر مین 1927 نے ذہانت کو ایک عنصری ذہنی قابلیت یا عمومی عنصر کہا ہے.

---

Q5. ماڈل کی تعریف کریں.

**Ans 1:** کسی بھی شخص یا چیز کے لیے نمونہ ہونا ماڈل کہلاتا ہے.

---

Q6. قاقلیہ سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** کان کے اندرونی حصے کا نام قلیہ ہے،یہ گھو نگھے کی شکل کی پیچیدہ ٹیوب ہے .یہ ٹیوب ایک خاص قسم کی کیمیاوی مادے سے بھری ہوئی ہوتی ہے.

---

Q7. منضبط مشاہدہ بیان کریں.

**Ans 1:** زیادہ تر تحقیق تجربہ گای کی منضبط کی شرائط کے تحت کی جاتی ہے.تحقیق دو متغیرات کے درمیان علت و معلول کا تعلق دیکھنے کے لیے ہی کی جاتی ہے ہم کسی ایک متغیرہ کو بطور سبب یا علت کے لے کر اس کا اثر اور نتیجہ دیکھ سکتے ہیں.

---

Q8. جسنی درجہ کی نوعیت بیان کریں.

**Ans 1:** جنسی درجی کی وسعت تین سے پانچ یا چھ سال تک ہے،اس عرصہ کے دوران بچے کی حیاتی لذت ،ایسے جنسی عضو کو پکڑنے پر مذکور ہوتی ہے.

---

Q9. تعلیمی نفیسات سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تعلیمی نفسیات کی شاخ تعلیمی اداروں کے نفسیاتی مسائل حل کرتی ہے،یہ طلباء کی بہتر اور نشونما کے لیے نفسیاتی اصول فراہم کرتا ہے اور نفسیاتی اصولو ں کی روشنی میں اساتذہ کو جدید اور ترقی یافتہ تدریسی طریقوں سے روشناس کرانے کے لیے تربیت فراہم کرتی ہے.

---

Q10. خصوصی ذہانت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** چارلس سپیئر مین کے نزدیک ہر ذہین شخص میں کوئی نہ کوئی خاص قابلیت ضرور پائی جاتی ہے.

---

Q11. روح کا لفظ سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

**Ans 1:** روح کا لفظ سب سے پہلے ارسطو نے استعمال کیا.

---

Q12. یونگ کے مطابق دروں بین شخصیت کی خصوصیات کیا ہوتی ہیں؟

**Ans 1:** بورنگ نے شخصیت کے تعریف یوں کی "شخصیت سے مراد فرد کے ماحول میں مخصوص اور مستحکم مطابقت ہے".

---

Q13. ثانوی محرکات کی تعریف کریں.

**Ans 1:** معاشرتی ماہرین نفسیات کے مطابق ثانوی محرکات گروہ اور سماج کی بقاء کے لیے طاقت مہیا کرتے ہیں.تحصیل محرک،طاقت کا محرک ،وابستگی کا محرک اور جارحیت کا محرک گروہ کی نمو اور سماجی بندھنوں کے لیے اہم کردار ادا کرتے ہیں.

---

Q14. تقویت سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** تقویت.عاملانہ مشروطیت میں ایک ایسی قوت ہے جو بعد میں آنے والے مہیجات کی رفتار کو بڑھاتی ہے.سکز اور دوسرے ماہرین نے ایک تجربات میں خوراک کو تقویت کے طور پر استعمال کیا ہے انعام اور دوسرے مہیجات کو ردعمل کو پختہ کرتے ہیں وہ بھہ تقوبت کہلاتے ہیں.

---

Q15. عمل توازن میں زیریں عرشہ کیا کردار ادا کرتا ہے؟

**Ans 1:** زیر میں عرشہ ایک کیمیاوی مادده جنبش حق کے مطابق حرکت کرتا ہے.جس سے ایک برقی سگنل پیدا ہوتا ہے.یہ سگنل دماغ کو توازن کی ضرورت سے آگاہ ÷کرتا ہے

---

Q16. تجرباتی مشاہدے کی تعریف کریں.

**Ans 1:** تجرباتی طریقہ سے مشاہدہ کیے گئے حقائق کے بارے میں مفروضہ کی جانچ پر رکھ اور پیش گوئی کی جا سکتی ہے.

---

Q17. سکز اور پیولو کیوں مشہور ہیں؟

**Ans 1:** سکز اور پیولو مشروطیت پر تجربات کرنے والے نفیسات دان ہیں.

---

Q18. جارحیت کے محرک سے کیا مرا دہے؟

**Ans 1:** جارحیت کے محرک میں تشدد او جسمانی طاقت کے ذریعے دوسرے افراد پر غلبہ حاصل کیا جاتا ہے،حیاتیاتی اور حیوانی مطالعوں سے یہ شواہد ملتے ہیں کہ گوشت خور،سبزی خور جانداروں کی نسبت زیادہ پر تشدد اور جارح واقع ہوتے ہیں.

---

Q19. ہیجان کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ہیجان احساس کی وہ حالت ہے جو کردارکو متاثر کرتی ہے،ہیجانات خارجی حالات اور سماجی تعلقات کے جواب میں پیدا ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ بہت سی عضویاتی تبدیلیاں پائی جاتی ہیں.ہیجانات کے اسباب سے متعلق مختلف قسم کے خیالات پائے جاتے ہیں.

---

Q20. حس سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** ہر مہیج کوئی نہ کوئی اثر ہمارے حسی اعضاء پر پیدا کرتا ہے.اس اثر کو محسوس کرنے کا نام حس یا تحسس ہے.

---